راجا رشید محمود
مدیر ماہنامہ 'نعت' لاہور

احادیثِ رسول ﷺ

چاہو اگر ہدایت احادیثِ پاک سے
پاؤ گے ربّ کی رحمت احادیثِ پاک سے
جو لائے اپنے خالق ومالک سے مصطفیٰ
واضح ہوئی شریعت احادیثِ پاک سے
سمجھے حقیقی معنوں میں دنیا کے فلسفی
قرآن کی فضیلت احادیثِ پاک سے
احکامِ کبریا کے منابع یہی تو ہیں
قرآن کی ہے قربت احادیثِ پاک سے
اس پر عمل کرو گے تو پا جاؤ گے فلاح
ملتی ہے جو نصیحت احادیثِ پاک سے
دنیا کی ساری دولتیں اس سے حقیر ہیں
پاؤ گے تم جو دولت احادیثِ پاک سے
قرآن پاک میں ہیں فرامینِ کبریا
اس کی ملی شہادت احادیثِ پاک سے
اللہ اور اس کے رسولِ کریمؐ سے
کامل ہوئی عقیدت احادیثِ پاک سے
ہر حکم ربّ کی، منہجِ دینِ متین کی
ظاہر ہوئی حکمت احادیثِ پاک سے
فوز وفلاحِ مردِ مسلمان یہی تو ہے
محمود رکھنا اُلفت احادیثِ پاک سے